Urdu

ایلیمنٹری کے طلباء کے عزیز والدین اور سرپرست ،

ایچ ڈی ایس بی کے تمام سکولوں نے طلباء کی ذاتی اشیاء اور سامان واپس کرنے کے لئے ایک خاص طریقہ کار وضع کیا ہے۔ بچوں کی اشیاء کی ترتیب کا موقع ملے بنا اسکول بند ہو جانے کی وجہ سے ،اساتذہ کو بچوں کی اشیاء جمع اور شناخت کرنے کے لئے کچھ وقت درکار ہے۔ آپ سے عملہ کے اس کام کے دوران تفہیم اور تحمل کی درخواست ہے !

اگلے چند ہفتوں کے دوران (کنڈرگارٹن) Kتا آٹھویں جماعت کے اسکولوں کے اساتذہ، آپ کے بچہ کی ذاتی اشیاء ان کے کمرہ جماعت، لاکر یا کبی (مخصوص خانہ) سے نکالنے، الگ الگ کرنے اور تھیلوں میں ڈالنے کا کام سرانجام دیں گے۔ وہ ہر بچہ کی اشیاء ایک تھیلا میں ڈال کر اس پر بچہ کے نام کی پرچی لگا کر، اس بچہ کے کمرہ جماعت میں ایک ڈیسک پر رکھ دیں گے۔ ساتویں اور آٹھویں کے ایسے طلبہ جن کے پاس لاکر موجود تھا، کے والدین یا سرپرستوں میں سے کسی ایک کو بچہ کے لاکر میں سے اشیاء لے جانے کے لیے بلایا جائیگا۔ والدین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچوں کے اسکول کی طرف سے بھیجے گئے خط کو دیکھیں اور طلباء کی اشیاء کے حصول کے لیے، سکول جانے کی اپنی خواہش کا اظہار، خط کے ساتھ بھیجے گئے فارم کو بھر کر کریں۔

اساتذہ پوری کوشش کریں گے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کیا چیز کس کی ملکیت ہے، جس کا زیادہ تر انحصار ذاتی اشیاء جیسے جوتوں اور کپڑوں پر لگائے گئے بچوں کی نام کی پرچی پر ہوگا۔ ایسی ہر چیز جو پہچانی نہ جاسکے گی، الگ کر دی جائے گی اور آپ کی رسائی کے دن، ان تمام اشیاء کو دیکھنے کا طریقہ آپ کو بتادیا جائے گا۔ بچ رہنے والی تمام اشیاء جولائی میں چندہ میں دے دی یا ضائع کر دی جائیں گی۔

آپ کو جون کے اختتامی ہفتوں میں اپنے بچہ کے لاکر/کمرہ جماعت سے اس کی اشیاء تک رسائی کے لیے مخصوص وقت دیا جائے گا۔

اس وقت، ہم یہ درخواست کرتے ہیں کہ اسکول کے تمام وسائل جیسے درسی کتب اور لائبریری کی تمام کتب لوٹادی جائیں۔ اگر آپ کا بچہ خزاں میں، ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ میں انرول یعنی درج نہیں رہے گا تو سکول سے عاریتا" لی گئی تمام ڈیوائسز کی واپسی کا وقت بھی یہی ہے۔ ایسے خاندان جو ہمارے سکول بورڈ ہی میں رہیں گے ، گرما کے دوران، ان ڈیوائسز کا استعمال جاری رکھ سکتے ہیں۔

براہ کرم یاد رکھیں کہ والدین یا سرپرستوں میں سے کسی ایک فرد ہی کو سکول تک رسائی دی جائے گی اور ان سے درخواست ہے کہ سکول تک رسائی-ایلیمنٹری کے والدین اور سرپرستوں کے لئے آداب وضوابط کی پابندی کریں۔ طلبہ کو سکول تک رسائی نہیں دی جائے گی۔ ہم ایک مرتبہ پھر آپ کی تفہیم اور تحمل کا شکریہ ادا کرتے ہیں نیز آپ کو جلد دوبارہ دیکھنے کے خواہشمند ہیں۔